# 36943 ـ مزدلفہ میں رات بسرنہ کرسکا

**سوال**

ہم مزدلفہ میں رات بسرنہ کرسکے کیونکہ ہمیں راستے کےعلاوہ کہیں اورجگہ میسرنہ آسکی اورراستے میں وقوف کرنے کی کسی کوبھی اجازت نہیں لھذا ہم منی روانہ ہوگئے , توکیا ہم پر کوئی چیز لازم آتی ہے ؟

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

شیخ ابن باز رحمہ اللہ تعالی کہتے ہیں :

اگر کوئی شخص مزدلفہ میں جگہ نہ پائے یاپھراسے فوجی وہاں رکنے سے منع کردیں تو اس پرکوئی حرج نہیں کیونکہ اللہ سبحانہ وتعالی کا فرمان ہے :

(لھذا تم استطاعت کے مطابق اللہ تعالی کا تقوی اختیارکرو) .

اور اگر اس نے سستی کی بنا پر ایسا کیا ہے تو اس کے ذمہ توبہ کےساتھ ساتھ دم بھي لازم آتا ہے . اھ¬ .